**DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 23-07-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔وزیراعلیٰ بزنجو کا خالد لانگو ضیاء لانگو سے اظہار تعزیت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔ملک میں قبل از وقت انتخابات کسی مسئلے کا حل نہیں،نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔آزادی کا بھاشن دینے والا اپنے ممبرز کو غلاموں سے بھی برتر سمجھتا ہے،مولانا واسع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔ریکوڈک منصوبہ صوبائی حکومت کی نہایت اہم کامیابی ہے،فرح عظیم شاہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 5۔بلوچستان حکومت نے غیر ممنوعہ بور کے اسلحہ لائسنس کے اجراء پر عائد پابندی ختم کردی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 6۔بارشوں کے پیش نظر افسران الرٹ رہیں،سیکرٹری مواصلات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 7۔بلوچستان کی مختلف اضلاع کے اسسٹنٹ کمشنرز کا تبادلہ کردیا گیا | انتخاب ودیگر اخبارارت |
| 8۔نیب کو اریگیشن کے تین افسران کیخلاف تحقیقات کا حکم،ہائی کورٹ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 9۔چیئرمین جوائنٹ چیفس کی زیرصدارت اجلاس بلوچستان کی صورتحال پر بریفنگ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 10۔کوئٹہ میں آبی گزرگاہوں کو کھولا جارہا ہے،ایڈمنسٹریٹر | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11۔کمشنر ژوب نے فری میڈیکل کیمپوں کا معائنہ کیا | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 12۔زیارت سانحہ نے پاکستان سمیت پوری دینا کو ہلا کر رکھ دیا،ڈاکٹر مالک | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13۔یوٹیلٹی اسٹور سے عوام کی بجائے مافیا کو فائدہ پہنچ رہا ہے،جمعیت (ن) | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14۔لاپتہ افراد کے ورثاء کا ریڈزون کے قریب دھرنا جاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15۔معیشت کی تباہی کی باعث آج ملک ڈیفالٹ ہونے کے قریب پہنچ گیا،پشتونخوا میپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16۔بلوچستان حکومت تنخواہوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کرے | مشرق ودیگر اخبارات |
| 17۔اساتذہ کے مسائل حل ہونے تک ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا،بی این پی | مشرق ودیگر اخبارات |

## امن و امان

اسلحہ ومنشیات رکھنے پر پانچ افراد گرفتار،ژوب نامعلوم افراد نے ہائی ٹرانسمیشن لائن کے چھ ٹاوروں سے برلیس پٹیاں چرالیں،ڈیرہ اللہ یار مدروے کے طالب علم کی لاش برآمد،آئی جی پولیس انصاف دیں،محمد شریف،محرم الحرام کی سیکورٹی آئی جی پولیس کی زیرصدارت اجلاس طلب

## عوامی مسائل

مطالبات کی عدم منظوری کیخلاف اساتذہ کی علامتی بھوک ہڑتال،بولان ڈیلے ایکشن ڈیم تباہی کے دہانے پہنچ گیا،کیوڈی اے کی نااہلی زرغون ہاؤسنگ اسکیم کو ناکام رہائشی منصوبہ بنادیا،

مورخہ23-07-2022

## اداریہ

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **"وزیراعلیٰ کا کیو ڈی اے کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ قدوس بزنجو کی زیرصدارت کیوڈی اے کی گورننگ باڈی کے اجلاس میں ادارے کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ صوبائی دارلحکومت ہے جسے درپیش مسائل حل کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانا ہونگے کیوڈی اے کونجی ہاوسنگ اسکیموں اور تجارتی عمارتوں کی تعمیر میں بلڈنگ کوڈ پر عملدرآمد یقینی بنایا ہوگا جبکہ تعطل کا شکار کوئٹہ ماسٹر پلان میں تاخیر اور دیگر امور میں بے قاعدگیوں کے ذمہ داروں کیخلاف کاروائی کی بھی ہدایت کی کیوڈی اے کی تشکیل کو طویل عرصہ گزر چکا ہے اس ادارے نے صوبائی دارلحکومت کو کئی اچھی رہائشی اسکیمیں دیں جبکہ کمرشل حوالے سے بھی ادارے نے کافی کام کیا لیکن اب چند برسوں سے کیوڈی اے روبہ زوال ہے اور سفید ہاتھی بنتا جارہا ہے اسے جو ذمہ داری گئی ہیں وہ ان کی ادائیگی میں ناکام نظر آتا ہے کوئٹہ میں رہائش کا مسئلہ بہت سنگین صورت اختیار کرگیا ہے لیکن ادارہ اچھی رہائشی اسکیمیں دینے کی بجائے ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا ہے زرغون ہاؤسنگ اسکیم پر بھی پیش رفت بہت سست ہے وہاں اب تک مکانات کی تعمیر مکمل طور پر شروع نہیں ہوسکی ادارے میں جان ڈالنے کیلئے ایک فعال ٹیم اور اصلاحات کی اشد ضرورت ہے تاکہ یہ ادارہ کوئٹہ کے شہریوں کی توقعات پر پورا اتر سکے۔

## اداریے

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے **"سیلاب متاثرین دوبارہ آباد کاری اور نقصانات کا ازالہ بڑا چلینج "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **"مشکل حالات سے نمٹنے کا دوٹوک اور مستحسن عزم "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **"بلوچستان میں محرومیوں کا ازالہ کرنے کی ضرورت"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے **"Curbing cholera outbreak"** کے عنوان سے مضمون تحریر کیا۔

## مضامین

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **"خوشحال بلوچستان "** کے عنوان سے شیخ فرید کا مضمون شائع کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ______

Date ______

روزنامہ جنگ کوئٹہ ہفتہ 23 / جولائی 2022ء

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

BC-L-1

2841993-2842016-2843078

بانی میر خلیل الرحمٰن

## وزیراعلیٰ بزنجو کا خالد لانگو اور ضیاء لانگو سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سابق صوبائی مشیر میر خالد لانگو اور مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو کی چچی کے انتقال پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید کامران ممتاز

جلد 37 | ہفتہ 23 ذوالحجہ 1443ھ 23 جولائی 2022ء صفحات 12 | شمارہ 39

رجسٹرڈ BC-m-1 | ایکسچینج نمبر 2829164 2821538-2821626 — فیکس 2835934 2830228 | قیمت 20 روپے

## وزیراعلیٰ میر قدوس بزنجو کا میر ضیاء لانگو کی چچی کے انتقال پر دکھ اور افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سابق صوبائی مشیر میر خالد لانگو اور مشیر داخلہ میر ......

بقیہ 15 صفحہ نمبر 9 پر

ضیاء لانگو کی چچی کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے سوگوار خاندان سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ صبر و ہمت سے برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 20 شمارہ 219 | ہفتہ، 23 ذوالحج، 23 جولائی 2022ء، صفحات 10 قیمت 20 روپے

## وزیراعلیٰ قدوس بزنجو کا خالد لانگو ضیاء لانگو سے اظہار تعزیت

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سابق صوبائی مشیر میر خالد لانگو اور مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو کی چچی کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت اور سوگوار خاندان کو صبر و جمیل عطا فرمائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 JUL 2022 Page No. 2


## ملک میں قبل از وقت انتخابات کسی مسئلے کا حل نہیں، نور محمد دمڑ

### صوبائی وزیر کی حضرت علی کاکڑ ایڈووکیٹ کی شمولیت کے موقع پر پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ ملک میں قبل از وقت انتخابات کسی مسئلے کا حل نہیں حکومت کو آئینی مدت پوری کرنی چاہیے پارٹی میں کوئی دھڑے بندی نہیں وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں متحد ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے مذہبی جماعت کے رہنما حضرت علی کاکڑ ایڈووکیٹ کی بی اے پی میں شمولیت کے موقع پر کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر نور محمد دمڑ نے حضرت علی کاکڑ ایڈووکیٹ کو شمولیت پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ تعلیم یافتہ نوجوان طبقے کو چاہیے کہ وہ حلقے اور صوبے کی تعمیر و ترقی میں حصہ لینے کیلئے وقت ضائع کئے بغیر بی اے پی میں شامل ہوں پارٹی کی تین سالہ حکومت میں ہم نے صوبے کے مفادات کو سامنے رکھتے ہوئے صوبے کی تعمیر و ترقی کو یقینی بنایا جو ماضی میں حکومتوں میں شامل جماعتیں نہیں کرسکیں ان جماعتوں سے امید رکھنا درست نہیں ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جمہوریت کا تقاضا ہے کہ حکومتیں اپنی آئینی مدت پوری کریں کابینہ میں رد و بدل کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پارٹی کے صدر ہیں مجھ سمیت سب کو ان کی قیادت پر اعتماد ہے وہ جس کو جو عہدہ یا وزارت دیں ہمیں قبول ہوگا انٹرا پارٹی انتخابات میں سوائے ایک دو لوگوں کے سب نے میر عبدالقدوس بزنجو کو پارٹی صدر منتخب کرکے ان کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا ایک آدھ لوگوں کا اختلاف ہوسکتا ہے مگر پارٹی کے اندر نہ ہی کوئی گروپ بندی ہے نہ ہی کوئی دھڑے بندی۔

### اسد بلوچ نے تعزیت کی

پنجگور (نامہ نگار) صوبائی وزیر میر اسد اللہ بلوچ نے گزشتہ روز پنجگور میں مختلف شخصیات کے انتقال پر لواحقین کے گھر جاکر تعزیت اور فاتحہ کی۔


MASHRIQ QUETTA


## مولانا واسع: آزادی کا بھاشن دینے والا اپنے ممبرز کو غلاموں سے بھی بدتر سمجھتا ہے

جس کو پنجاب کا سب سے بڑا ڈاکو کہتا رہا آج اسی کیلئے ووٹ مانگا، اسی کو بارہ کروڑ کے صوبے کا مالک بنانے کو تیار ہے، صوبائی امیر جمعیت

جمعیت بلوچستان کا دو روزہ اجلاس آج اور کل ہوگا، اہم فیصلے کیے جائیں گے اور آئندہ انتخابات کے تیاریوں اور لائحہ عمل طے کیا جائے گا

بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال پر تشویش ہے، جمعیت کے عہدیداروں اور کارکنوں کو ٹارگٹ کیا جارہا ہے، وفاقی وزیر

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت کے عہدیداروں اور کارکنوں کو ٹارگٹ کیا جارہا ہے ........


بقیہ 42 صفحہ نمبر 9 پر


صوبائی حکومت امن وامان کی صورتحال کنٹرول کرے زہری میں جمعیت علمائے اسلام کے تحصیلی امیر پر حملہ کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پہنچنے پر کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں جمعیت علمائے اسلام کے عہدیداروں اور کارکنوں پر کافی عرصے سے حملے جاری ہیں اور صورتحال کو بہتر نہیں کیا جارہا ہے جس پر ہمیں تشویش ہے انہوں نے کہا کہ حاجی محمد رحیم پر قاتلانہ حملہ ناقابل برداشت ہے، مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے جمعیت علما اسلام کسی بھی حد تک جاسکتی ہے، ملک دشمن اور جمعیت علما اسلام سے خائف عناصر اپنے مذموم مقاصد میں ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، اس حوالے سے جمعیت علما اسلام بلوچستان خصوصی لائحہ عمل طے کرے گی اور جمعیت علما اسلام آج خضدار میں ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کرتی ہے اگر صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ خضدار نے واقعہ میں ملوث عناصر کو گرفتار نہیں کیا تو جمعیت علما اسلام بھرپور احتجاج کریگی انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان کا دو روزہ اجلاس آج اور کل ہوگا جس میں اہم فیصلے کیے جائیں گے اور آئندہ انتخابات کے تیاریوں اور لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا ہے غلامی سے آزادی کا بھاشن دینے والا اپنے ممبرز کو غلاموں سے بھی بدتر سمجھتا ہے، جس کو پنجاب کا سب سے بڑا ڈاکو کہتا رہا آج اسی کیلئے ووٹ مانگ رہا ہے، اسی کو بارہ کروڑ کے صوبے کا مالک بنانے کو تیار ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 JUL 2022 Page No. 4

# چیئرمین جوائنٹ چیفس کی زیرصدارت اجلاس، بلوچستان کی صورتحال پر بریفنگ

خطے میں پائیدار ترقی کیلئے افغانستان میں امن کی اہمیت پر تبادلہ خیال، مسلح افواج کی آپریشنل تیاریوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا

دفاعی افواج کی تیاریوں پر مکمل اطمینان کا اظہار، اجلاس میں ہر قسم کے خطرات کا بھرپور جواب دینے کے عزم کا اظہار

راولپنڈی (آن لائن) ملکی دفاعی اور سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیلئے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ندیم رضا کی زیر صدارت جمعہ کو جوائنٹ سٹاف ہیڈکوارٹرز میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام سروس چیفس نے شرکت کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق شرکاء کو مغربی سرحد، کے پی کے اور بلوچستان سے متعلق صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ شرکاء نے اسٹریٹجک اور روایتی پالیسیوں کے دائرے میں تیز رفتار پیش رفت کا جائزہ لیا۔ خطے میں پائیدار ترقی کیلئے افغانستان میں امن کی اہمیت پر بھی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر

تبادلہ خیال ہوا۔ اجلاس میں مسلح افواج کی آپریشنل تیاریوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اجلاس کے شرکاء کو دفاعی افواج کی تیاریوں پر مکمل اطمینان اور اعتماد کا اظہار کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ پاک فوج ہر قسم کے خطرات کا بھرپور جواب دے گی۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی اداروں کی قربانیوں کو بھی سراہا۔ اجلاس میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ، چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی اور چیف آف ایئر سٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے شرکت کی۔

# کوئٹہ میں آبی گزرگاہوں کو کھولا جارہا ہے، ایڈمنسٹریٹر

## حکومت نے سات کروڑ روپے دیئے ہیں، جبار بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں آج سے مون سون کی دسواں دار بارشوں کا نیا اسپیل شروع ہورہا ہے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے شہر میں قائم 55 نالے اور آبی گذرگاہوں کے کھولنے کا کام تیزی سے جاری ہے تاہم شہر میں قائم محکمہ آب پاشی کے چودہ نالوں سے

بقیہ نمبر 80 صفحہ 7 پر

کچرہ اٹھایا نہیں جاسکا ہے۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ جبار بلوچ نے بتایا کہ کوئٹہ میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کے تحت قائم 55 نالے اور آبی گذرگاہیں ہیں جن کی صفائی کا کام جاری ہے تقریباً 35 نالوں کی صفائی کردی گئی ہے جبکہ 20 نالوں اور آبی گذرگاہوں کی صفائی اور انہیں کھولنے کا کام کیا جارہا ہے امید ہے دو روز میں یہ کام مکمل کرلیا جائے گا انہوں نے بتایا کہ صوبائی حکومت نے ان نالوں کی صفائی کیلئے سات کروڑ روپے دیئے ہیں

# کمشنر ژوب نے فری میڈیکل کیمپوں کا معائنہ کیا

دور دراز علاقوں کے عوام کو صحت کی بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے

ادویات کو چیک، سیلابی ریلے کے بعد مرمتی کام کا جائزہ لیا، بحالی کیلئے اقدامات اٹھارہے ہیں، کمشنر

ژوب (آن لائن) کمشنر ژوب ڈویژن سعید احمد عمرانی نے قمرالدین کاریز کا دورہ کیا، انہوں نے حالیہ سیلاب میں جاں بحق ہونے والے افراد اسماعیل، جلات خان، شیرگل، خدائیداد کے گھر جاکر کے فاتحہ خوانی کی انہوں نے لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے دعا

بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر

کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کے درجات بلند فرمائیں اس موقع پر کمشنر ژوب ڈویژن نے کہا غم کی اس گھڑی میں غمزدہ گھرانوں کی غم میں برابر کے شریک ہیں بعد میں محکمہ صحت کے زیر اہتمام قمرالدین کاریز کے مختلف دیہاتوں میں لگائے گئے 10 فری میڈیکل کیمپوں کا معائنہ کیا اور قبائلی عمائدین سے ملاقات کی انکے مسائل غور سے سنے اور انھیں جلد حل کرنے کا یقین دلایا فری میڈیکل کیمپ صالح کاریز میں ادویات چیک کیا گیا اور مریضوں کے حال احوال پوچھے، اسکے بعد بندات کن زئی، ولہ ڈیم، وسط ڈیم کا معائنہ بھی کیا، کمشنر ژوب ڈویژن حالیہ سیلاب کی وجہ مذکورہ گاؤں کے راستوں، زمینوں اور بندات کا معائنہ کرنے کیلئے کئی گھنٹے پیدل سفر کیا کمشنر ژوب ڈویژن نے ندیوں میں سیلابی ریلے کے گزر جانے کے بعد مرمتی کام کا جائزہ لیا گیا کمشنر ژوب ڈویژن سعید احمد عمرانی کے ہمراہ ایف سی ونگ 149 کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل قمرالدین کاریز حبیب الرحمن، اسسٹنٹ کمشنر کاکڑ خراسان عصمت اللہ خان مندوخیل، ڈی ایچ او ژوب ڈاکٹر مظفر شاہ، شاہ عالم شیرانی، میر بخش کے علاوہ محکمہ صحت اور انتظامیہ کے افسران ان کے ہمراہ تھے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 23 JUL 2022 Page No. 7


# اساتذہ کے مسائل حل ہونے تک ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا، بی این پی

حکومت اساتذہ کے مطالبات کو فوری منظور کرتے ہوئے صوبے سے تعلیمی پسماندگی کے خاتمے کیلئے اقدامات کرے، غلام نبی مری، موسیٰ بلوچ

اساتذہ آئندہ نسلوں کو تعلیم یافتہ بنانے اور معاشرے کو سنوارنے کا وسیلہ ہیں ان کی خدمات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، اساتذہ سے اظہار یکجہتی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، ضلعی صدر غلام نبی مری نے گورنمنٹ ٹیچرز ایسوی ایشن (آ ئینی) کے مطالبات کو جائز قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اساتذہ کے مطالبات کو فوری منظور کرتے ہوئے صوبے سے تعلیمی پسماندگی کے خاتمے کیلئے اقدامات کرے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب کے سامنے گورنمنٹ ٹیچرز ایسوی ایشن آئینی......... بقیہ نمبر38 صفحہ 10 پر

کے احتجاجی کیمپ کے دورے کے موقع پر اساتذہ سے یکجہتی کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری جمال لانگو، علی احمد قمبرانی و دیگر بھی انکے ہمراہ تھے۔ بی این پی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ نے اساتذہ کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی نے ہمیشہ صوبے میں مظلوم اور محکوم طبقوں کا ساتھ دیا ہے بلوچستان اس وقت تعلیمی پسماندگی کا شکار ہے ایسے میں حکمرانوں کی بے حسی کے باعث اساتذہ اپنے جائز مطالبات کے حق میں سڑکوں پر سراپا احتجاج ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک اساتذہ کے مسائل حل نہیں ہوں گے تب تک صوبے میں تعلیمی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا حکومت کو چاہیے کہ وہ مہنگائی کے تناسب سے اساتذہ کی تنخواہوں کو دیگر صوبوں کے برابر کرکے اپ گریڈیشن سمیت ان کے تمام جائز مطالبات فوری منظور کرے اور وہ اساتذہ جو اپنے گھروں سے دور صوبے کے دور دراز علاقوں میں فرائض سرانجام دے رہے ہیں انہیں اعزازیہ دیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 23 JUL 2022 Page No. 8


## ڈیرہ اللہ یار: مدرسے کے طالبعلم کی لاش برآمد

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار سیم شاخ کے قریب مدرسہ کے طالب علم کی لاش برآمد۔ مقامی افراد نے لاش سول ہسپتال منتقل کرکے ضروری کاروائی کے بعد آبائی علاقے روانہ کردی۔ مقامی افراد کے مطابق ڈیرہ بگٹی کا رہائشی محبوب علی صادق آباد کے نجی مدرسہ میں دینی تعلیم حاصل کرنے کے دوران امتحانات میں فیل ہونے کے بعد ڈیرہ اللہ یار کے مقامی مدرسہ میں دینی تعلیم کے لئے آیا ہوا تھا۔ آج صحبت پور روڈ پر قریبی سم شاخ میں مردہ حالت میں پایا گیا جس کی لاش کو مقامی قریبی افراد نے سول ہسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کیا مرحوم ڈیرہ بگٹی کی بگٹی کالونی کا رہائشی بتایا جارہا ہے۔

## ژوب: نامعلوم افراد نے ہائی ٹرانسمیشن لائن کے چھ ٹاوروں سے بریس پٹیاں چرالیں

ژوب (نامہ نگار) نامعلوم افراد نے کوئٹہ قومی شاہراہ پر بجلی کی ہائی ٹرانسمیشن لائن کے چھ ٹاوروں سے بریس پٹیاں چرالیں کیسکو نے ہنگامی بنیادوں پر مرمت کرکے ٹاور گرنے سے بچالئے۔ جی ایس او کیسکو کی جانب سے پولیس کو دی جانیوالی درخواست میں کہا گیا ہے کہ پٹرولنگ کے دوران معلوم ہوا کہ نامعلوم افراد نے پی آر سی کالج کے علاقے میں چھ ٹاوروں کی بنیادی بریس پٹیاں چرالی ہیں۔ جی ایس او نے جنگ کو بتایا کہ ٹاوروں کے گرنے کے پیش نظر ہنگامی بنیادوں پر نئی بریس پٹیاں لگائی گئیں ہیں۔

## اسلحہ ومنشیات رکھنے پر 5افراد گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے منشیات اور کلاشنکوفیں برآمد کرکے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق تھانہ عبدالخالق شہید کے عملے نے ایک کاروائی کے ایک ملزم بخت محمد عرف عبدالعلیم کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے دو عدد کلاشنکوفیں برآمد کرلی۔ جبکہ صدر پولیس نے ملزم کو محمد آصف عرف جوشی کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے ڈھائی کلوگرام چرس برآمد کرلی۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

## پنجگور: گزشتہ روز فائرنگ کے واقعے میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور پولیس نے ایک کارروائی میں گزشتہ روز فائرنگ کے واقعہ میں ملوث چار ملزموں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے ہینڈ گرینڈ، پسٹل، رائفل، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور پولیس نے ایک کارروائی میں گزشتہ روز تسپ میں فائرنگ کے واقعہ جس میں چار افراد زخمی ہوگئے تھے کے مرکزی ملزمان کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضے سے ایک رائفل ایک عدد ہینڈ گرینیڈ، راونڈز اور ایک مسروقہ ہنڈا موٹر سائیکل برآمد کرلیا ہے گزشتہ روز کے واقعہ کے ملزمان کی 24 گھنٹوں کے اندر گرفتاری ایک بڑا بریک تھرو ہے۔ شہریوں کی جانب سے پنجگور پولیس کی بروقت کارروائی کو سراہا جارہا ہے۔

## ڈھاڈر، سنی میں دو افراد کو قتل کردیا گیا

ڈھاڈر (نامہ نگار) سنی کے علاقے گوٹھ قلاتیزئی میں دو افراد کو فائرنگ کرکے موت کی گھاٹ اتار دیا گیا تفصیلات کے مطابق لیویز ذرائع نے بتایا کہ ضلع کچھی کی تحصیل سنی میں مسلح افراد نے پرانی رنجش کی بناء پر گوٹھ قلاتی زئی میں فائرنگ کرکے دو افراد محمد امین ولد دوران خان اور غلام حیدر ولد کریم اقوام جتوئی قلاتیزئی کو قتل کردیا واقعہ کے بعد علاقے میں کشیدگی پائی جاتی ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## محرم الحرام کی سیکورٹی، آئی جی پولیس کی زیر صدارت اجلاس طلب

### ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ، شیعہ وسنی علماء بھی شرکت کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) محرم الحرام کے دوران امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے اتوار کو دن گیارہ بجے پولیس لائن شہید حامد شکیل ہال میں اجلاس منعقد ہوگا اجلاس........ بقیہ نمبر15 صفحہ 10 پر

کی صدارت آئی جی پولیس بلوچستان کریں گے اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ، شیعہ وسنی علماء بھی شرکت کریں گے۔


INTEKHAB QUETTA


## آئی جی پولیس انصاف دیں، محمد شریف

### پولیس نے ہمارے لوگوں کو سیاسی شخصی اثر ورسوخ کی بنیاد پر گرفتار کرلیا، پریس کانفرنس

پنجگور (آن لائن) پنجگور تسپ میں رونما ہونے والے واقع کے زخمی فریق محمد عارف بلوچ کے والد محمد شریف بھائی عابد شریف ماں اہلیہ ودیگر نے اپنے رہائش گاہ تسپ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ روز مسلح افراد آئے انہیں ساتھ لے جانے کو کہا انہوں نے میرے گھر کے قریب بیٹھے میرے بیٹے محمد عارف بلوچ کو اغوا کرنے کی کوشش کی تو انہوں نے وجہ پوچھا کیوں میں آپکے ساتھ آں تو اس دوران مسلح افراد نے بندوق نکال کر فائر کی جس کی وجہ بقیہ نمبر69 صفحہ 7 پر

سے میرا بھتیجا ودیگر ایک مہمان شدید زخمی ہوئے انہوں نے بندوق چھیننے کی کوشش کی ہاتھا پائی میں انکی اپنی گولی سے وہ خود بھی زخمی ہوئے تو میرے بیٹے نے بندوق چھین لیا تو مسلح افراد نے ہینڈ گرینیڈ نکال کر پھینکنے کی کوشش کی تو انہیں بھی ناکام بنادیا ہینڈ گرینیڈ بندوق چھین کر بعد میں پولیس کو بلا کر ہم نے پولیس کے حوالے کی ملزمان کی نشاندہی کی جب بندوق ہینڈ گرینیڈ پولیس کے لیئے جانے کے بعد اور چھ مسلح افراد گھر میں گھس کر چادر وچاردیواری کی تقدس کو پامال کرتے ہوئے اندھا دھند فائرنگ کرکے در ودیواروں کو نقصان دیا اور عورتوں پر بندوق تھان کر ان کی تذلیل کی پولیس کی موجودگی میں سب کچھ ہا اور بجائے ملزمان کو گرفتار کرتے پولیس خاموش تماشائی بن کر دیکھتا رہا انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں افسوس ہے کہ ملزمان کی نشاندہی کی جنہوں نے ہمارے گھر و دکان کاروبار پر حملہ اور ہوکر نقصان دیا انکے باوجود بھی پولیس نے انہیں چھوڑ کر ہمارے لوگوں کو سیاسی شخصی اثر رسوخ کی بنیاد پر گرفتار کرلیا انہوں نے کہا ہے کہ ہم غریب لوگ ہیں محنت مزدوری کرکے اپنا گزارا کررہے ہیں ہمارے پاس کچھ بھی نہیں ہے لہذا آئی جی پولیس بلوچستان چیف جسٹس بلوچستان ڈسٹرکٹ کورٹ ضلعی انتظامیہ ہمیں انصاف دے اور ان لوگوں سے تحفظ دے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 23 JUL 2022 Page No. 9

## کیوڈی اے کی نااہلی نے زرغون ہاؤسنگ اسکیم کو ناکام رہائشی منصوبہ بنادیا، زرہواک

### پانی ہے نہ گیس، رہائشی گوناگوں مسائل سے دوچار ہیں، کیوڈی اے حکام کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی

کوئٹہ (پ ر) زرغون ہاؤسنگ ویلفیئر ایسوسی ایشن (زرہواک) کے بیان میں وزیراعلیٰ میر قدوس بزنجو کی زیر صدارت اجلاس میں کیو ڈی اے کی کارکردگی پر عدم اطمینان کے اظہار سے اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ کیوڈی اے نے زرغون ہاؤسنگ اسکیم کا آغاز 2011 میں ہوا تھا اور اسے 2017 تک مکمل ہوجانا تھا لیکن کیوڈی اے کے اہلکاروں کی نااہلی سے یہ منصوبہ ابھی تک تشنہ تکمیل ہے۔ زرغون ہاؤسنگ اسکیم کے رہائشیوں کی آواز یہ تنظیم چار سال سے اسکیم میں بنیادی ضروریات کی عدم فراہمی کا رونا رو رہی ہے مگر کیو ڈی اے حکام کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ ایسوسی ایشن کی مسلسل کوششوں سے اسکیم کو بجلی کی فراہمی ممکن ہوسکی مگر اس کے علاوہ اسکیم کے رہائشی اب تک بھی پتھر کے دور میں رہ رہے ہیں۔ اسکیم میں آبادکاری کا سلسلہ 2017 سے جاری ہے مگر اس کے رہائشیوں کو بنیادی ضرورت پانی تک مہیا نہیں کیا جارہا۔ ایسوسی ایشن کے وفد نے اس بارے میں کیوڈی اے حکام سے بارہا ملاقاتیں کیں مگر انہیں اب تک لالی پاپ ہی دیا جارہا ہے۔ پانی کے علاوہ اسکیم میں گیس بھی نہیں۔ ابتدا میں گیس فیکلیشن کا تخمینہ 6 کروڑ روپے تھا مگر کیوڈی اے حکام کے عدم توجہی اور ذاتی مفادات کو ترجیح دینے کے سبب اس کی بروقت پے منٹ نہیں کی گئی اور ان کی غفلت اور لاپرواہی سے اب اسکے اخراجات 21 کروڑ تک پہنچ چکے ہیں اور کیوڈی اے حکام مسلسل لاپرواہی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ اسکیم کے رہائشی ہر سردیوں کے موسم میں سخت حالات کا سامنا کرتے ہیں۔ اور ان کو سلنڈروں کی خریداری کے علاوہ اپنی آمدن کا بڑا حصہ بچوں اور بزرگوں کے علاج پر خرچ کرنا پڑتا ہے۔ اسٹریٹ لائٹس کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے شام ہوتے ہی اسکیم اندھیرے میں ڈوب جاتی ہے اور اب تک چوری کی دو تین وارداتیں بھی ہوچکی ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ زرغون ہاؤسنگ اسکیم کو کوئٹہ کا عظیم الشان رہائشی منصوبہ کہا جارہا تھا مگر کیوڈی اے کی ناقص کارکردگی سے اب ایک ناکام رہائشی اسکیم بن کر رہ گیا ہے۔ کیوڈی اے کے اہلکار ذاتی مفادات کیلئے تو سرگرم نظر آتے ہیں اور ہر صورت پیسے بنانے کے چکر میں لگے رہتے ہیں۔ اس کی واضح مثال اسکیم کا ٹیوب ویل ہے جو رمضان المبارک سے خراب ہے کیو ڈی اے نے اس کے پائپ باہر نکال کر پھینک رکھے ہیں مگر بوجوہ اس کی مرمت نہیں کرائی جارہی۔ شدید گرمی کے اس موسم میں اسکیم کے رہائشی پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں اور نہ صرف کیوڈی حکام سے رابطے لاحاصل ثابت ہوئے بلکہ ایسوسی ایشن کی جانب سے بذریعہ اخبارات بھی اس جانب توجہ دلائی گئی جس کا نتیجہ کچھ نہ نکلا۔ بیان میں وزیراعلیٰ سے اپیل کی گئی کہ وہ کیوڈی اے کو ڈبونے والے اور زرغون ہاؤسنگ اسکیم کو ایک فیل رہائشی اسکیم بنانے والے عناصر کا احتساب کریں تاکہ کیوڈی اے کی کارکردگی میں بہتری لائی جاسکے۔

## مطالبات کی عدم منظوری کیخلاف اساتذہ کی علامتی بھوک ہڑتال

### کسی صورت حقوق سے دستبردار نہیں ہوں گے، اساتذہ کی میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن (آ ٹیگ) کے زیر اہتمام مطالبات کی عدم منظوری کیخلاف کوئٹہ پریس کلب کے باہر اساتذہ کا علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ جمعہ کے روز پانچویں دن بھی جاری رہا۔ احتجاجی کیمپ میں بیٹھے اساتذہ نے میڈیا سے گفتگو میں حکومتی بے حسی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا بلوچستان کے اساتذہ پچھلے پانچ دن سے علامتی بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہیں تاہم حکومت مسائل کے حل میں سنجیدہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اکیسویں صدی میں بھی بلوچستان کے تعلیمی ادارے بنیادی سہولیات سے محروم ہیں چادر و چاردیواری، پینے کا صاف پانی اور واش رومز سے عاری تعلیمی ادارے حکومتی توجہ کے منتظر ہیں، آج بھی اسکولوں میں ٹھاٹ کلچر برقرار ہے، دیگر صوبوں میں اساتذہ کو اپ گریڈ کیا گیا ہے صرف بلوچستان کے اساتذہ اپنے اس حق سے محروم چلے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ارباب اختیار کو اپنی روش بدلنی ہوگی اور اساتذہ کے مسائل کا حل سے چشم پوشی اختیار کرنے کی بجائے مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کسی بھی صورت اپنے حقوق سے دستبردار نہیں ہوں گے صوبے کے تعلیمی اداروں، طلباء اور اساتذہ کے مسائل حل ہونے تک ہمارا احتجاج جاری رہیگا۔

MASHRIQ QUETTA

## بولان، مشکاف ڈیلے ایکشن ڈیم تباہی کے دہانے پہنچ گیا

### مقامی آبادی کو شدید خطرہ، ڈیم کے اسپل وے بھی بری طرح سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار

### مقامی زمینداروں کی کروڑوں روپے کی فصلات کو بھی شدید نقصانات کا اندیشہ ہے

بولان (اے این این) مشکاف ڈیلے ایکشن ڈیم تباہی کے دہانے پر شہر مشکاف کی مقامی آبادی کو شدید خطرہ، ڈیم کے اسپل وے بھی بری طرح سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار حکومت فی الفور توجہ دیکر عوام کو مالی نقصانات سے بچائے مشکاف کے قبائلی رہنماؤں........ بقیہ نمبر 24 صفحہ 10 پر

حاجی محمد اعظم کھوسہ، وڈیرہ محمد شریف کھوسہ، پروفیسر غلام حسین کھوسہ کی مقامی صحافیوں سے گفتگو ان کا کہنا تھا کہ گورنمنٹ ہائی سکول مشکاف سے ایک کلومیٹر کے فاصلے پر قائم مشکاف ڈیلے ایکشن ڈیم انتہائی خستہ حالت کا شکار ہوکر تباہی کے دہانے پہنچ چکا ہے جس کے اسپل وے بھی ناکارہ ہوچکے ہیں حالیہ مون سون کی شدید بارشوں کے بعد ڈیم مزید ابتر حالت میں ہے جس سے شہر مشکاف کی قدیم آبادی کو شدید خطرات کا سامنا ہے جبکہ گزشتہ روز محکمہ موسمیات کی جانب سے علاقے میں مون سون بارشوں کی مزید شدید بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہیں جس سے ڈیم سے ریلے کے اخراج کے خطرات بڑھ گئے ہیں جس سے نہ صرف مقامی آبادی پر خطرات منڈلا رہے ہیں بلکہ مشکاف میں مقامی زمینداروں کی کروڑوں روپے کی فصلات کو بھی شدید نقصانات کا اندیشہ ہے انہوں نے بیان کی توسط سے حکام بالا کی توجہ اس جانب مبذول کراتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ مشکاف ڈیلے ایکشن ڈیم کی فی الفور متاثرہ حصوں کی مرمت اسپل وے دوبارہ بناکر مقامی آبادی کو تحفظ فراہم کیا جائے بصورت دیگر خدانخواستہ کوئی بڑا سانحہ رونما ہونے کا اندیشہ ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 JUL 2022 Page No. 10


## وزیراعلیٰ کا کیوڈی اے کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار

وزیراعلیٰ قدوس بزنجو کی زیرصدارت کیوڈی اے کی گورننگ باڈی کے اجلاس میں ادارے کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ صوبائی دارالحکومت ہے جسے درپیش مسائل حل کرنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانا ہونگے کیوڈی اے کونجی ہاؤسنگ اسکیموں اور تجارتی عمارتوں کی تعمیر میں بلڈنگ کوڈ پر عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا جبکہ تعطل کا شکار کوئٹہ ماسٹر پلان کی تیاری کو بھی حتمی شکل دینے کی ضرورت ہے۔انہوں نے ماسٹر پلان میں تاخیر اور دیگر امور میں بے قاعدگیوں کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی بھی ہدایت کی۔ کیوڈی اے کی تشکیل کو طویل عرصہ گزر چکا ہے اس ادارے نے صوبائی دارالحکومت کو کئی اچھی رہائشی اسکیمیں دیں جبکہ کمرشل حوالے سے بھی ادارے نے کافی کام کیا لیکن اب چند برسوں سے کیوڈی اے روبہ زوال ہے اور سفید ہاتھی بنتا جارہا ہے اسے جو ذمہ داری دی گئی ہیں وہ ان کی ادائیگی میں ناکام نظر آتا ہے کوئٹہ میں رہائش کا مسئلہ بہت سنگین صورت اختیار کرگیا ہے لیکن دارہ اچھی رہائشی اسکیمیں دینے کی بجائے ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا ہے۔زرغون ہاؤسنگ اسکیم پر بھی پیش رفت بہت سست ہے وہاں اب تک مکانات کی تعمیر مکمل طور پر شروع نہیں ہوسکی ادارے میں جان ڈالنے کے لئے ایک فعال ٹیم اور اصلاحات کی اشد ضرورت ہے تاکہ یہ ادارہ کوئٹہ کے شہریوں کی توقعات پر پورا اتر سکے۔

## بلوچستان کی محرومیوں کا ازالہ کرنے کی ضرورت

بلوچستان کے سب سے اہم اور بڑا پروجیکٹ ریکوڈک گزشتہ کئی سالوں سے مختلف مسائل کی وجہ سے تعطل کا شکار تھا جس کا سب سے زیادہ نقصان بلوچستان کو ہی اٹھانا پڑا۔ مالی حوالے سے کوئی خاص فائدہ بلوچستان کو تو ملا نہیں مگر مالی نقصان کا بوجھ بلوچستان کے گلے ڈال دیا گیا اس کے باوجود کہ بلوچستان حکومت کے پاس اتنی رقم نہیں تھی کہ وہ اس کیس کو لڑتا اور جرمانے کی رقم پوری کرتا جبکہ وفاق نے بلوچستان کے ہر پروجیکٹ سے بھرپور مالی فائدہ اٹھایا اور اٹھا رہا ہے مگر بلوچستان کو اس کا جائز حصہ تک نہیں دیا جاتا جس کے خلاف بلوچستان کی تمام سیاسی جماعتیں آواز بلند کرتی آرہی ہیں ۔اس میں حکومتی اور اپوزیشن جماعتیں سب شامل ہیں مگر اس کے باوجود بھی بلوچستان کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کا ازالہ نہیں کیا گیا۔ بلوچستان کے آج بھی میگا منصوبوں سے وفاق کو بڑے پیمانے پر محاصل مل رہے ہیں جبکہ بلوچستان کو چند فیصد دے کر ٹرخایا جارہا ہے انہی پالیسیوں کی وجہ سے بلوچستان محرومی وپسماندگی کے دلدل میں بری طرح دھنس چکا ہے پالیسیاں بہتر نہیں ہونگی بلوچستان کو نظرانداز کیا جاتا رہے گا تو کبھی بھی بلوچستان ترقی نہیں کرے گا۔ چند پیکجز اور فنڈز کے ذریعے ملک کے نصف حصے کی ترقی محض ایک دھوکہ ہے اگر عملی طور پر بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن کرنا ہے تو سب سے پہلے بلوچستان کو اس کا جائز مقام اور پروجیکٹس پر حصہ دینا ہوگا تب جا کر کسی حد تک مداوا ہوسکتا ہے۔ بہرحال یہ خوش آئند بات ہے کہ ریکوڈک معاہدے پر عملدرآمد کا آغاز ہو چکا ہے جس کی خوشخبری وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سنائی ہے۔ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے صوبائی کابینہ کے اجلاس کے دوران اپنے خطاب میں کابینہ کو ریکوڈک منصوبے پر کام کرنے والی کارپوریشن بیرک گولڈ کے صدر مارک بریسٹو اور انکی ٹیم کے حالیہ دورہ کوئٹہ پر اعتماد میں لیتے ہوئے دورے کی تفصیلات سے آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ ریکوڈک معاہدہ پر عملدرآمد کا آغاز ایک بڑی کامیابی ہے منصوبے پر اس سال 14 اگست سے کام کا باقاعدہ آغاز کردیا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ ہم بین الاقوامی عدالت میں کیس ہار چکے تھے لیکن مشکل حالات کے باوجود ڈٹ کر کھڑے رہے اور بلوچستان کے مفادات کا تحفظ یقینی بنایا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی سیاسی لیڈرشپ کو مطمئن کرنا مشکل کام تھا تاہم الحمدللہ سب کو اعتماد میں لیکر ایک بہترین معاہدہ کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ریکوڈک منصوبے میں گزشتہ دور حکومت میں بلوچستان کے طے شدہ 10 فیصد حصے کو ہم نے 25 فیصد تک بڑھایا اور 25 فیصد حصہ بھی مجبوری کی حالت میں قبول کیا۔ مستقبل میں سرمایہ کاری کے ایسے منصوبوں میں صوبے کا 75 فیصد حصہ یقینی بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ منصوبے کے معاہدے میں کوئی بات مخفی نہیں تمام امور کو شفافیت کے ساتھ سب کو اعتماد میں لیکر طے کیا گیا کیونکہ تمام معاملات پر سب کو اعتماد میں لیا جائے تو کوئی مسئلہ اور خرابی پیدا نہیں ہوتی ۔موجودہ حکومت اس عمل پر زور دے کہ ریکوڈک سمیت بلوچستان کے دیگر میگا منصوبوں کے محاصل کو مزید بڑھایا جائے گا تاکہ بلوچستان اپنے بجٹ کے ذریعے دیگر سیکٹرز کو فروغ دینے کے ساتھ صنعتی زون سمیت بجلی گھر بنائے تاکہ بلوچستان میں معاشی انقلاب کا خواب شرمندہ تعبیر ہوسکے ۔امید ہے کہ میر عبدالقدوس بزنجو اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر بلوچستان کی ترقی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرینگے۔

# خوشحال بلوچستان

تحریر: شیخ فرید

موجودہ بلوچستان حکومت کے اقدامات خوشحال کی جانب گامزن یہ بات فرح عظیم شاہ ترجمان صوبائی حکومت نے میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہی، انھوں نے کہا کہموجودہ صوبائی حکومت حقیقی عوامی حکومت کا فرض پورا کرنے کا عزم رکھتی ہے۔ انھوں نےمزید بتایا کہ اہم صوبائی امور کی وزیراعلی سے منظوری کے لیے تیز رفتار فائل ورک پر گامزن ہے۔ فرح شاہ کا کہنا تھا کہ وزیراعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی دور حکومت میں میں کئی تعمیراتی منصوبوں پر عملدرآمد ہو رہا ہے اور تعطل کے شکار منصوبوں پر عملدرآمد کا آغاز ہو چکا ہے۔ ڈیڑھ سال کے تعطل کے بعد سریاب روڈ توسیع کے منصوبے پر تیز رفتار سے کام شروع ہے سبزل روڈ تعمیر و توسیع کے منصوبے کی بحالی کا آغاز کردیا ہے۔ صوبے میں سیاسی ہم آہنگی آور افہام و تفہیم کی فضا کو فروغ دیا رہا ہے۔ وزیراعلی سیکرٹریٹ تک عام لوگوں اور سائلین کی آسان رسائی ممکن ہو گئی ہے۔۔ نوجوانوں کو فنی تربیت کی فراہمی کیلئے 2 ارب روپے کی لاگت کے بی ٹیوٹا انڈومنٹ فنڈ کا قیام بھی عمل۔ میں لایا گیا ہے محترمہ فرح عظیم شاہ نے مذید کہا کہ بلوچستان صحت کارڈ کا اجرا کی منظوری 18 لاکھ خاندانوں کو مفت علاج کی سہولت شامل ہے۔ ماہی گیروں سے کی وعدوں پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔

صوبے کے ماہی گیروں کے روزگار کا تحفظ پہلی ترجیح ہے بلوچستان کی سمندری حدود میں غیر قانونی ٹرالنگ کا مکمل سدباب بلوچستان کے قریب عوام کے روزگار کو تحفظ دیا جائیگا۔ ترجمان صوبائی حکومت کا کہنا تھا کہ پاک فوج کے تعاون سے پاک ایران سرحدی علاقوں میں بارڈر ٹریڈ کی بحالی کو یقینی بنایا جائے گا

سرحدی علاقوں کے عوام کو تجارتی سہولتوں کی فراہمی میں اضافہ کے لیے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

پاک ایران سرحد کے 6 مزید مقامات پر۔ ٹریڈ پوائنٹس کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق جنوبی بلوچستان ترقیاتی پیکج کی پیش رفت کے جائیزہ کی ایپکس کمیٹی کا اجلاس بھی منعقد ہوا

یہ اجلاس پلاننگ کمیشن اسلام آباد میں منعقدہ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بھی شرکت کی۔ ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن ڈاکٹر جہانزیب خان، چیف سیکریٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا اور متعلقہ وفاقی وصوبائی حکام بھی اجلاس میں شریک تھے۔

چیف سیکریٹری اور دیگر حکام کی اجلاس کو پیکج میں شامل ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت پر بریفنگ دی گئی وزیراعلیٰ کی منصوبوں کی پیش رفت کو تیز کرنے کی ہدایت کی۔

ترقیاتی پیکج جنوبی بلوچستان کی ترقی اور پسماندگی کی خاتمے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ جنوبی بلوچستان ترقیاتی پیکج وفاقی حکومت کی جانب سے علاقے کے عوام کے لیئے تحفہ ہے۔ وزیراعلیٰ کا وفاقی حکومت کی جانب سے پیکج کے منصوبوں کے لیئے بروقت اجرا کی ضرورت پر زور دیا۔

جنوبی بلوچستان کے باشعور عوام کی جانب سے پیکج سے آگاہی اور عوامی ستائیش خوش آئند ہے۔ وزیراعلی نے مذید کہا کہ دور حاضر میں تیز رفتار ترقی کے لیئے سمارٹ پلاننگ کی ضرورت ہے۔

ترقیاتی پیکج میں شامل بارڈر مارکیٹوں کے قیام کے منصوبے سے روزگار کے مواقعوں میں اضافہ ہوگا۔ وزیراعظم عمران خان سے شمالی بلوچستان ترقیاتی پیکج دینے کی درخواست کی ہے

وزیراعظم نے شمالی بلوچستان ترقیاتی پیکج کے جلد اعلان کا وعدہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے یہ بھی کہا کہ جنوبی بلوچستان ترقیاتی پیکج میں مختلف سیکٹرز کی ترقی کے 6 سوارب روپے کے وفاقی وصوبائی منصوبے شامل ہیں۔

صوبائی حکومت نے اپنے 18 منصوبوں کی ہر فورم پر منظوری دے دی ہے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ

منصوبوں کی مانیٹرنگ کے لیئے صوبائی حکومت نے پی ایم یو قائم کیا ہے۔ بریفنگ میں میں یہ بھی بتایا کہ وفاقی حکومت کے 161 منصوبوں سے 139 منصوبوں کی حتمی منظوری ہوچکی ہے۔ پیکج کے منصوبوں پر عملدرآمد کی پیش رفت تیز کرنے کے لیئے وفاقی اور صوبائی محکموں میں مربوط روابط قائم کیئے جائیں گے۔